تعارف وتبصرہ

قرآن میں آبی وسائل کا علم اور انجینیر ی

مصنف: ڈاکٹر سید وقار احمد حسینی
مترجم: فہیم الدین احمد

ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سائنسز، ٹکنالوجی اینڈ ڈیولپمنٹ، امریکہ

ملنے کا پتہ: جینوین پبلی کیشنز اینڈ میڈیا پرائیوٹ لمیٹڈ، نئی دہلی، سنہ اشاعت: ۲۰۰۹ء، صفحات: ۲۸۲، قیمت -/۳۰۰

عصر حاضر کی مسلم 'دانش وری' کے نمایاں خصائص میں سے یہ ہے کہ قرآن کریم سے گہرے اور غیر معمولی تعلق کا اظہار کیا جائے، مگر اس کے معانی ومطالب میں خوب کھینچ تان کی جائے اور دور دراز استنباطات کیے جائیں، حدیث کے معتبر و مستند ذخیروں کی طرف رجوع کیے بغیر انھیں اوہام و خرافات پر مبنی، نا قابل اعتبار اور سائنسی و عقلی اعتبار سے لائق رد قرار دیا جائے، عربی زبان کی معمولی شدھ بدھ کے ذریعہ الفاظ قرآنی پر دقیق لغوی بحثیں کی جائیں اور اپنے مستنبط معانی پر اصرار کیا جائے، اپنے اختصاص کے میدان کو دین وشریعت کی روح اور اصل قرار دے کر پورے دین کو اس کے گرد گھمایا جائے۔ زیرِ نظر کتاب ایسی ہی دانش وری کا ایک عمدہ نمونہ ہے۔

اس کے مصنف جناب ڈاکٹر سید وقار احمد حسینی عثمانیہ یونی ورسٹی حیدرآباد سے سول انجینیر نگ میں گریجویشن کرنے کے بعد امریکہ چلے گئے تھے، جہاں انھوں نے آبی وسائل کی انجینیر نگ میں ۱۹۶۳ء میں پوسٹ گریجویشن اور ۱۹۷۱ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ اس کے بعد انھوں نے مختلف وقفوں میں امریکا، ملیشیا اور سعودی عرب کی مختلف جامعات میں تدریسی خدمات انجام دیں، اس کے علاوہ اقوام متحدہ کی مختلف تنظیموں، امریکی حکومت کے مختلف اداروں اور مسلم ممالک کی مختلف حکومتی وغیر حکومتی انجمنوں کے مشیر کی حیثیت سے بھی کام کیا۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سائنسز، ٹکنالوجی اینڈ ڈیولپمنٹ امریکہ کے بانی ہیں۔ انھیں امریکی شہریت بھی حاصل ہے۔

گزشتہ صدی کے ربع آخر میں عالمی سطح پر بعض مسلم دانش وروں نے جدید علوم کی اسلامی تشکیل (Islamization of knowledge) کا نعرہ بلند کیا تھا۔ ان